فوری ریلیز کے لیے: 16/7/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے معاونت کا بڑھنا جاری رہنے پر نئے ہائپر سکیل ڈیٹا سینٹرز پر پہلے ریاست گیر حکمِ التوائے ادائیگی کو نمایاں کیا

وہ پورے ملک کا سرکردہ ایک ایسا انضباطی عملی ڈھانچہ قائم کریں گی جو ریٹ ادا کنندگان، ماحول، اور نیو یارک کے باشندوں کا تحفظ کرے

ایک سال کے اس وقفے سے یہ امر یقینی بنے گا کہ نیو یارک کے باشندے ٹرانسمیشن اور انفراسٹرکچر کی تعمیر کے لیے ادائیگی نہ کر رہے ہوں

وہ نیو یارک اسٹیٹ ڈیٹا سینٹر کمیونٹی انویسمینٹ کا عملی ڈھانچہ تخلیق کریں گی جس سے یہ امر یقینی بنے گا کہ مقامی علاقے نئی ترقی سے لاکھوں کو غیر مقفل کر سکیں گے

گورنر پوری ریاست میں بڑے ڈیٹا سینٹرز کو دی جانے والی سیلز ٹیکس کی چھوٹیں کالعدم کرنے والی قانون سازی عمل میں لانے کے لیے جدوجہد کریں گی

کمیونٹی انویسٹمنٹ فریم ورک کے لیے پالیسی آؤٹ لائن یہاں دستیاب ہے

ایگزیکٹو آرڈر یہاں دستیاب ہے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج ریاست بھر سے ریاستی، کاروباری اور مقامی رہنماؤں کے ساتھ ایک گول میز کا انعقاد کیا تاکہ اپنے ایگزیکٹو آرڈر کو اجاگر کریں جو کہ نئے ہائپر سکیل ڈیٹا سینٹرز پر ملک کے پہلے حکمِ التوائے ادائیگی کو تخلیق کرتا ہے، ڈیٹا سینٹر کی تیاری کے لیے مضبوط ترین معیارات قائم کرتا ہے اور مقامی علاقوں کی مدد کے لیے ایک بلیو پرنٹ تیار کرتا ہے۔ گورنر ریاست کے ماحولیاتی پرمٹس کو ایک سال تک کے لیے عارضی طور پر معطل کر رہی ہیں تاکہ پورے ملک کے سرکردہ ریگولیٹری فریم ورک کی تعمیر کی جا سکے جو ریٹ ادا کنندگان، ماحول، توانائی کے گرڈ، اور پوری ریاست میں کمیونٹیز کی حفاظت کرے گا۔

"ترقی کے ساتھ زیادہ یوٹیلیٹی بل، پانی کی کمی یا صوتی آلودگی نہیں ہونے چاہیئں، یہی وجہ ہے کہ میں نے ہائپر سکیل ڈیٹا سینٹرز پر ملک کے پہلے ریاست گیر حکمِ التوائے ادائیگی پر دستخط کیے ہیں"، **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "ریاست نیو یارک رہنمائی کرنے کے لیے تیار ہے، اس امر کو یقینی بناتے ہوئے کہ نیو یارک کے باشندوں اور منظم مزدوروں کی میز پر ایک نشست ہو۔ بطور گورنر، میری انتظامیہ پیشہ ور افراد اور مقامی لوگوں سے یکساں مشورہ کرتی رہے گی جبکہ ہم ڈیٹا سینٹر کی ترقی کے لیے بلیو پرنٹ بناتے ہیں"۔

آج کے گول میز اجلاس میں مندرجہ ذیل افراد شامل تھے:

- **رکنِ اسمبلی Didi Barrett (دیدی بیرٹ)**، صدر نشین، کمیٹی برائے توانائی
- **Jackie Bray (جیکی برے)**، ڈائریکٹر آف سٹیٹ آپریشنز
- **میئر Steve Noble (سٹیو نوبل)**، کنگسٹن شہر

- **ٹاؤن سپروائزر Cynthia Young (سنتھیا ینگ)**، ٹاؤن آف مالٹا
- **Jeff Crist (جیف کرسٹ)**، شریک مالک، کرسٹ برو باغات
- **Dan Kelleher (ڈین کیلیہر)**، صدر اور سی ای او، ریجنل آفس آف سسٹین ایبل ٹورازم (Regional Office of Sustainable Tourism, ROOST)
- **Robert Simpson (رابرٹ سمپسن)**، سی ای او، سینٹر سٹیٹ کارپوریشن برائے اقتصادی مواقع (Corporation for Economic Opportunity, CEO)
- **Ned Sullivan (نیڈ سولیوان)**، صدر، سینک ہڈسن
- **Laurie Wheelock (لوری وہیلاک)**، ایگزیکٹو ڈائریکٹر، پبلک یوٹیلیٹیز لاء پروجیکٹ (Public Utilities Law Project, PULP)
- **رکنِ کونسل Owusu Anane (اووسو آنانے)**، اکثریتی وہپ، البنی کامن کونسل
- **Deshanna Wiggins (دیشننا وگنس)**، صدر اور سی ای او، البنی بلیک چیمبر آف کامرس

ریاست نیو یارک کو مصنوعی ذہانت اور دیگر کمپیوٹنگ آپریشنز کے ذریعے قوت یافتہ ڈیٹا سینٹر کی ترقی کی طلب میں اپنی نوعیت کی انوکھی اور بے مثال ترقی کا تجربہ ہو رہا ہے۔ طلب کے اس اضافے کے نتیجے میں پوری ریاست میں ڈیٹا سینٹرز کی تعمیر اور آپریشن کی تجاویز مسلسل سامنے آ رہی ہیں جن کے لیے ہزاروں کمپیوٹر سرورز کو چلانے اور ٹھنڈا کرنے کے لیے بڑی مقدار میں توانائی اور پانی کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

ریاستی سینیٹر Kristen Gonzalez (کرسٹن گونزالیز) نے کہا، "ٹیکنالوجی کو چاہیے کہ وہ ہماری زندگیاں بہتر بنائے نہ کہ ہمارے پانی کو آلودہ کرے، ہمارے انرجی گرڈ کو پریشان کرے، یا ہمارے یوٹیلیٹی بلوں میں اضافہ کر دے۔ ذمہ دارانہ ڈیٹا سینٹر ڈویلپمنٹ ایکٹ (Responsible Data Center Development Act) کی اسپانسر کی حیثیت میں، میں نے ہماری پوری ریاست میں نیو یارک کے لوگوں کی آراء حاصل کی جو اس بارے میں فکر مند ہیں کہ بڑے ڈیٹا سینٹرز میں اضافہ ان کی کمیونٹیز کے لیے کیا معنی رکھتا ہے۔ اس ایگزیکٹو آرڈر کے ذریعے، گورنر Hochul (ہوکل) نئے بڑے ڈیٹا سینٹرز پر ملک میں اولین قانونی معطلی لگا کر نیو یارک کے عام شہریوں کی حفاظت کا انتظام کر رہی ہیں۔ اپنی ریاست کو منصوبہ بندی کے لیے وقت دے کر، ہم اس بات کو یقینی بنا سکتے ہیں کہ ترقی اور جدت طرازی ہم سب لوگوں کی قیمت پر نہ آئیں۔ گورنر کی قیادت کے لیے انکا شکریہ، اور ماحولیاتی انصاف کے حامیوں کے اتحاد کا بھی شکریہ جنہوں نے نیو یارک کے شہریوں اور ہمارے ماحول کو اولین ترجیح رکھنے کے لیے انتھک محنت کی ہے۔"

رکنِ اسمبلی Didi Barrett (دیدی بیرٹ) نے کہا، "ریاست بھر میں نیو یارک والوں نے نئے ہائپر اسکیل ڈیٹا سینٹرز کو وقتی طور پر روکنے اور ہمارے قدرتی وسائل، کمیونٹیز اور نرخ ادا کرنے والوں کے تحفظ کے لیے عام فہم ضوابط کے لیے حمایت کا اظہار کیا ہے۔ میں اس بروقت ایگزیکٹو آرڈر پر دستخط کرنے میں گورنر Hochul (ہوکل) کی قیادت کی ستائش کرتی ہوں۔ یہ ایک انتہائی ضروری پہلا قدم ہے۔ ڈیٹا سینٹرز کے اثرات کو مکمل طور پر سمجھنے کے لیے سیکھنے، بحث کرنے اور کرنے کے لیے ابھی بہت کچھ باقی ہے۔ میں ترقی کو یقینی بنانے کے لیے گورنر، سینیٹر Gonzalez (گونزالیز) اور اپنے اسمبلی کے ساتھیوں کے ساتھ کام جاری رکھنے کی منتظر ہوں"۔

اس سال کے شروع میں، گورنر نے محکمہ عوامی خدمت (Department of Public Service, DPS) کو ہدایت کی کہ وہ Energize NY نامی کارروائی شروع کریں، جس سے ڈیٹا سینٹرز کو پابند بنایا جائے گا کہ وہ یا تو اپنی توانائی کے لیے زیادہ ادائیگی کریں یا خود اپنی توانائی سپلائی کریں تاکہ ریاست کو یہ استعداد مل جائے کہ وہ نیو یارک کے باشندوں کے لیے توانائی کو مزید حسب استطاعت رکھ سکے۔ اس کارروائی کے ایک جزو کے طور پر، گورنر اب DPS کو یہ ہدایات بھی دے رہی ہیں کہ وہ ڈیٹا سینٹرز کے لیے ماحولیاتی اثرات کا عمومی بیان (Generic Environmental Impact Statement, GEIS) تیار کریں تاکہ یہ امر یقینی بنایا جا سکے کہ آن لائن آنے والے نئے ڈیٹا سینٹرز کا معیار تسلسل کے ساتھ برقرار رکھا جائے۔ اس GEIS کی تیاری کے دوران، جس میں ایک سال تک کا وقت لگے گا، ایک قانونی تعطل نافذ رہے گا اور محکمہ تحفظ ماحولیات (Department of Environmental Conservation, DEC) کوئی بھی ایسے صوابدیدی اجازت نامے جاری نہیں کرے گا جنہیں

پہلے سے مکمل نہ گردانا جا چکا ہو۔ ریاست GEIS کا استعمال ریاست میں تعمیر کیے جانے والے ڈیٹا سینٹرز کی تعمیر اور ان کے کام کرنے کی وجہ سے ماحول پر پڑنے والے ممکنہ اثرات کا جائزہ لینے کے لیے کرے گی، جن میں توانائی کی طلب، پانی کے استعمال اور معیار، اور ہوا کے معیار پر ان کے پڑنے والے اثرات شامل ہیں۔ جب ریاست نے ان معیارات کو حتمی شکل دے دی تو یہ عارضی تعطل ختم کر دیا جائے گا، جس سے ڈیٹا سینٹر کے نئے منصوبوں کو تب تک پیشرفت کی اجازت مل جائے گی جب تک کہ وہ ریاستی قواعد و ضوابط، زوننگ کوڈ، اور دیگر مقامی منظوریوں کی پابندی کرتے رہیں گے۔

گورنر نے امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ (Empire State Development, ESD) کو بھی یہ ہدایت کی کہ وہ 60 دنوں کے اندر کمیونٹی انویسٹمنٹ فریم ورک (Community Investment Framework, CIF) کا اجراء کریں، جس سے مقامی اداروں کو واضح رہنمائی فراہم ہو جائے گی کہ وہ کسی بھی بڑے پیمانے کے ڈیٹا سینٹر کے ساتھ سودے بازی کے ایک جزو کے طور پر کمیونٹی فوائد پر مذاکرات کر سکیں، جن میں مقامی بنیادی ڈھانچے کی بہتریاں، نگہداشتِ اطفال میں سرمایہ کاری، اور ان کی کمیونٹی کے لیے براہِ راست مالی معاونت جیسے معاملات شامل ہیں۔ CIF ایسے فریم ورکس بھی قائم کرے گا جن سے منظم مزدوروں کو مذاکرات کی میز پر ایک نشست فراہم کی جائے گی اور ڈیٹا سینٹر کی تعمیر، مقامی ملازمتوں، اپرنٹس شپس، اور افرادی قوت کی ترقی کے لیے پہلے سے مروجہ اجرتوں کے معیارات اور پروجیکٹ لیبر معاہدوں کو ترجیح دی جائے گی تاکہ معاشی فوائد زیادہ سے زیادہ حاصل کیے جا سکیں۔ اس فریم ورک میں کمیونٹیز کو یہ اندازہ لگانے میں مدد کے لیے ایک فارمولہ بھی شامل کیا جائے گا کہ سرمایہ کاری کے مذاکرات کہاں سے شروع کیے جائیں۔ CIF کا خاکہ فی الوقت ESD کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے، اور عوام سے گزارش کی جاتی ہے وہ اپنی رائے سے آگاہ کریں۔

اس کے علاوہ، گورنر DPS کو نیو یارک گرڈ ایکسلریشن فنڈ (New York Grid Acceleration Fund) کے قیام پر غور کرنے کی ہدایات بھی دے رہی ہیں تاکہ ڈیٹا سینٹرز کو ریاست کے پرانے گرڈ انفراسٹرکچر اور توانائی کی ضروریات میں سرمایہ کاری کرنے کا پابند بنایا جائے اور نیو یارک کے تمام باشندے ذمہ دارانہ ترقی سے مستفید ہوں۔ اس فنڈ کو نئی صاف توانائی کی فراہمی کے حصول اور ایک انشورنس پول کے قیام کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے، جس میں ڈویلپرز کو ممکنہ طور پر حصہ ڈالنا پڑے، تاکہ ایسے قیاس آرائی پر مبنی بڑے بجلی کے بوجھ سے تحفظ فراہم کیا جا سکے جو غیر یقینی صورتحال پیدا کرتے ہیں اور لاگت میں اضافہ کرتے ہیں۔ DPS ایسے طریقوں پر بھی غور کرے گا جن کے ذریعے ڈیٹا سینٹرز کو اپنے آپریشنز کے لیے مخصوص نئی صاف بجلی کی پیداوار کو فنڈ کرنے کا پابند بنایا جائے، بشمول صارف کی جگہوں پر تقسیم شدہ توانائی کے وسائل اور بیٹری اسٹوریج، لیکن صرف انہی تک محدود نہیں۔

بالآخر، گورنر Hochul (ہوکل) پوری ریاست میں بڑے ڈیٹا سینٹرز کو دی جانے والی سیلز ٹیکس کی چھوٹیں کالعدم کرنے والی قانون سازی لانے کے لیے جدوجہد کر رہی ہیں۔

اپنا عہدہ سنبھالنے کے بعد سے، گورنر Hochul (ہوکل) نے یہ امر یقینی بنایا ہوا ہے کہ نیو یارک مصنوعی ذہانت کے شعبے کی جدت طرازی اور ترقی میں قوم کی قیادت کرتا رہے۔ اپنے مالی سال 2025 کے بجٹ کے ایک جزو کے طور پر، گورنر نے Empire AI کا آغاز کیا، جو کہ عوامی بھلائی کے لیے AI کی تحقیق میں پیشرفت کرنے کا پورے ملک کا سرکردہ اولین اقدام ہے۔ اس سال، گورنر نے فیوچر ورکس کمیشن (FutureWorks Commission) کا آغاز کیا تاکہ کارکنان کی حفاظت کے لیے پالیسی اور نجی شعبے کے اقدامات پر مشورہ دینے کے ساتھ ساتھ نیو یارک کے تمام باشندوں کے لیے مصنوعی ذہانت کے اقتصادی فوائد حاصل کیے جا سکیں۔ یہ بلیو ربن کمیشن ملک کے سرکردہ ماہرین، مزدوروں کے حقوق کے حامیوں، اور کاروباری رہنماؤں پر مشتمل ہے اور اسے یہ ذمہ داری سونپی جائے گی کہ وہ گورنر Hochul (ہوکل) کو اس بارے میں مشورہ دے کہ AI پر منتقلی کے عمل سے کیسے مؤثر انداز سے استفادہ کیا جائے تاکہ اس کے فوائد نیو یارک کے خاندانوں، کارکنان، اور چھوٹے کاروباروں تک بھی پہنچ سکیں — نہ کہ صرف بڑی کارپوریشنوں تک محدود رہیں۔

گورنر Hochul (ہوکل) نے نیو یارک کے شہریوں کو آن لائن محفوظ رکھنے اور ریاست نیو یارک میں AI کے محفوظ اور ذمہ دارانہ استعمال کو یقینی بنانے کے لیے قومی سطح پر حفاظتی اقدامات بھی نافذ کیے۔ پہل کاریوں میں شامل ہیں:

- بچوں کیلئے محفوظ ایکٹ (SAFE for Kids Act) اور بچوں کے ڈیٹا کے تحفظ کے ایکٹ (Child Data Protection Act)، جو بچوں کے لیے عادی بنانے والی فیڈز کو محدود کرتے ہیں اور آن لائن آپریٹرز کو باخبر رضامندی کے بغیر بچوں کا ڈیٹا جمع کرنے اور اسے منافع کمانے کے لیے استعمال کرنے سے روکتے ہیں۔
- AI کمپینئن قانون سازی جس کے ذریعے پورے ملک میں سب سے پہلے ایسے حفاظتی اقدامات مقرر کیے گئے ہیں جنکے باعث اب اگر کوئی صارف خود کو نقصان پہنچانے کی بات کرے تو اسے ذہنی صحت کے وسائل کی جانب روانہ کر دیا جاتا ہے اور لت لگانے والے غیر صحت مندانہ رویوں کا تدارک ہو رہا ہے۔ گورنر نے AI کے ذریعے جنریٹ کیے گئے بچوں کے جنسی استحصال کے مواد کو بھی غیر قانونی قرار دیا ہے۔
- حال ہی میں دستخط شدہ انتباہی لیبلز بل جس میں سوشل میڈیا کمپنیوں کو ذہنی صحت پر پلیٹ فارم کے ممکنہ اثرات کے بارے میں انتباہات آویزاں کرنے کی ضرورت ہو گی۔
- AI ڈیسیپٹو پریکٹسز ایکٹ (AI Deceptive Practices Act)، جو شبیہ/آواز کے غیر مجاز استعمال اور نجی نوعیت کی تصاویر کی غیر مجاز تشہیر کے خلاف حفاظتی اقدامات کو مضبوط بناتا ہے۔

اس سال، گورنر کا ڈیزائن کے اعتبار سے محفوظ ایکٹ (Safe by Design Act) مالی سال 27 کے ریاستی بجٹ میں نافذ کیا گیا۔ ڈیزائن کے اعتبار سے محفوظ ایکٹ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ عام سوشل اور گیمنگ پلیٹ فارمز پر بچوں کے لیے پیرنٹل کنٹرولز اعلیٰ ترین حفاظتی اقدامات پر سیٹ ہوں، جس کا مطلب ہے کہ 18 سال سے زائد عمر کے افراد جو کنکشنز میں شامل نہ ہوں، بچوں کے ساتھ نجی طور پر بات چیت نہیں کر سکتے، ان کی مکمل پروفائل نہیں دیکھ سکتے یا انہیں مواد میں ٹیگ نہیں کر سکتے۔ مقام کی سیٹنگز بھی بطور ڈیفالٹ بند کر دی جائیں گی، اور 13 سال سے کم عمر بچوں کو نئے کنکشن کے لیے والدین کی منظوری حاصل کرنا ہو گی۔ یہ آن لائن پلیٹ فارمز پر بچوں کے لیے AI چیٹ بوٹ کی بعض خصوصیات کو بھی غیر فعال کرتا ہے اور والدین کو آن لائن گیمنگ پلیٹ فارمز پر بچوں کی مالی ٹرانزیکشنز کی حد مقرر کرنے اور اپنے بچے کی ٹرانزیکشن ہسٹری دیکھنے کے قابل ہونا چاہیے۔ اگرچہ ان پلیٹ فارمز میں سے کئی نے بچوں کے لیے اپنی حفاظتی خصوصیات میں اضافہ کیا ہے، نیو یارک میں یہ اب قانون کے طور پر نافذ ہو چکا ہے اور یہ پلیٹ فارمز وقت کے ساتھ اس میں اپنی طرف سے نرمی نہیں لا سکتے۔

مزید برآں، گورنر Hochul (ہوکل) اب اپنی نوعیت کے پہلے ڈیجیٹل اختراع، گورننس، سالمیت اور اعتماد کا دفتر (Office of Digital Innovation, Governance, Integrity, and Trust, DIGIT) کا قیام بھی عمل میں لا رہی ہیں۔ DIGIT ڈیجیٹل حفاظت اور تکنیکی نظم و نسق کے لیے ایک مرکزی، مستند ادارے کے طور پر کام کرے گا، نئے طریقے وضع کرے گا اور نیو یارک کے شہریوں کو آن لائن محفوظ رکھنے کے لیے مسلسل نفاذ کو یقینی بنائے گا؛ بطور ایک ریاست نیو یارک کی حیثیت کی حفاظت کرتے ہوئے جو جدید اختراعات کی قدر کرتی ہے اور اس میں سرمایہ کاری کرتی ہے۔ سب سے پہلے، DIGIT کا دفتر بڑے فرنٹیئر AI ڈویلپرز کو قواعد کے احاطے میں لانے پر توجہ دے گا، ان کے حفاظتی اقدامات میں زیادہ شفافیت کو ممکن بنائے گا، اور ڈویلپرز کے لیے اہم حفاظتی وقوعہ جات کی رپورٹنگ کا ایک نظام قائم کرے گا جیسا کہ RAISE ایکٹ میں بیان کیا گیا ہے۔ قانون کے مؤثر ہونے کی تاریخ 1 جنوری، 2027 ہے۔

###

ان سبسکرائب کریں